17/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

آداب

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا تین روزہ خصوصی اجلاس جو کل شروع ہوا میں آج پارلیمنٹ اور اسمبلیوں میں خواتین کو33فیصد ریزرویشن دیئے جانے سے متعلق بل پر بحث کی جا رہی ہے۔

سکمز

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگر میں اپریل کی 18اور 19تاریخ کو ادارے کے Endocrinology شعبے کے اہتمام سے Metabolc Syndrome, Pre diabetes & سوسائٹی کی چھٹی سالانہ بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہوگی -MP-PCOS یعنیPCOS

سوسائٹی کے صدر MP-PCOS سکمز صورہ کے ڈائریکٹر پروفسر ڈاکٹرمحمد اشرف گنائی جو کہ امراض کے بارے میں جانکاری کو فروغ دینے Endocrne بھی ہیں ، نے کہاکہ یہ کانفرنس مینکلیدی اہمیت کی حامل ثابت ہوگی ۔اس دو روزہ کانفرنس میں نامور قومی اور بین الاقوامی ماہرین شرکت کریں گے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ میں محکمہ سیاحت کی جانب سے جموں خطے میں سیاحت کے فروغ اور ہمہ جہت ترقی کے لیے کیے گئے اقدامات اور منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

میٹنگ کے دوران صوبے کے مختلف اضلاع میں سیاحتی سرکٹس کو مضبوط بنانے اور جموں کو سال بھر سیاحت کے لئے ایک پرکشش مقام بنانے کی حکمت عملیوں پر عمل درآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔

ٹکس

input Tax بھٹ نے افسروں سے تلقین کی ہے کہ وہ جعلیPK سٹیٹ ٹیکسز ڈیپارٹمنٹ کے کمشنر کے رجحان پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اقدامات کریں - Credit

جموں میں محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کرکے انہوں نے مالی سال 2026-27کیلئے محکمے کی تیاریوںاور منصوبوں کا جائزہ لیا۔محکمے نے متعلقین سے اپیل کی ہے کہ وہ GST-کے قواعد و ضوابط پر سختی کے ساتھ عمل کریں

نشہ مہم

سوروزہ نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت جاری عوامی سطح کی منشیات مخالف مہم وادی بھر میں تیزی سے زور پکڑ رہی ہے۔اس مہم میں عام لوگوں، طلبہ، سول سوسائٹی کے اراکین، مذہبی رہنماؤں، سماجی کارکنوں اور سرکاری محکموں کی بڑے پیمانے پر شمولیت منشیات کے بڑھتے ہوئے مسئلے کے خلاف مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

اننت ناگDC

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے میں منشیات کی بدعت کے خاتمے میں مذہبی علما مساجد کے ائمہ اور دانشوروں کا تعاون طلب کیا ہے۔ مذہبی سکالروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں انہوں نے کہا کہ مذہبی رہنما معاشرے میں باأثر آواز رکھتے ہیں اور وہ نوجوانوں کو نشے سے پاک زندگی کی طرف راغب کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔

شوپیانDC

ڈپٹی کمشنر شوپیان، ششیّر گپتا نے ضلع کے تاجروں اور وینڈرس ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ ایک اہم میٹنگ کے دوران منشیات کے بڑھتے ہوئے مسئلے کو روکنے میں کاروباری برادری کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے تمام متعلقہ فریقین سے اپیل کی کہ وہ اس اجتماعی کوشش میں انتظامیہ کو اپنا بھرپور تعاون دیں۔

مہم شوپیان

نشہ مکت جموں و کشمیر ابھیان کے تحت منشیات سے پاک معاشرہ قائم کرنے کے عزم کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلعے میں ڈرگ اینڈ فوڈ کنٹرول ڈیپارٹمنٹ اور ایگزیکٹو مجسٹریٹ کے اشتراک سے اسپتالوں کے نزدیک کیمسٹ ادویات فروشوں کے خلاف ایک جامع معائنہ مہم چلائی۔

اس مہم کے دوران دکانوں میں اسٹاک رجسٹر، خرید و فروخت کے ریکارڈ، لائسنس اور دیگر لازمی دستاویزات کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔

اعجاز بشیر

جمونو کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر کے مختلف کالجوں میں تدریسی سال2026-27 کےلئے4سالہ انڈر گریجویٹ اور انٹیگریٹڈPG پروگراموں کےلئے داخلے کا عمل عنقریب شروع ہو گا۔

ڈائریکٹر نیوز اور آکاشوانی نیوز سرینگر کے سر براہ طارق راتھر کے ساتھ بات کر تے ہوئے پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے کہا۔

حج

جموں وکشمیر سے اس سال حج بیت اللہ پر جانے والے عازمین کی روانگی کا سلسلہ کل یعنی18 اپریل سے شروع ہوگا۔

جمونو کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے کہا ہے کہ کل تین پروازیں روانہ ہو رہی ہیں اور عازمین کی روانگی کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔

کولگامDC

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے ضلع میں محکمہ صحت کیلئے مقررہ کئے گئے اہداف کی صد فیصد حصولیابی کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے ۔ وہ کل ڈسٹرکٹ ہیلتھ سوسائٹی کولگام کی ایک مخالف مہم چلانے TB میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ڈپٹی کمشنر نے ضلع بھر مینگھر گھر کی بھی ہدایت دی ۔

بانڈی پورہDC

ڈپٹی کمشنر بانڈ ی پورہ اندو کنول چب نے افسران کی ایک میٹنگ میں ضلع میں پنچایت الیکٹورل کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوننے اس عمل میں سرعت لانے Summary Revision رولز 2026کے اور اہداف کو وقت مقررہ کے اندر حاصل کرنے کی ہدایت دی ۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا

آکاشوانی سرینگر سے خبرونکا اگلا بلیٹن

سہ پہر 3 بج کر50 منٹ پر اُردو میں نشر ہو گا

خدا حافظ

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....

...